# Prime Ministers of India and Singapore to witness the launch of Real-time Payment Systems Linkage between the two countries

February 20, 2023

## ہندوستان اور سنگاپور کے وزرائے اعظم دونوں ممالک کے درمیان ریئل ٹائم پیمنٹ سسٹم لنکیج کے آغاز کا مشاہدہ کریں گے۔

فروری 2023 20

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور سنگاپور کے وزیر اعظم مسٹر لی ہسین لونگ 21 فروری 2023 کو صبح 11 بجے (آئی ایس ٹی) ہندوستان کے یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (یو پی آئی) اور سنگاپور کے 'پے ناؤ' کے درمیان سرحد پار سے رابطے کے آغاز کا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مشاہدہ کریں گے۔ اس کا آغاز ،ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) کے گورنر جناب شکتی کانت داس، اور سنگاپور کے مانیٹری اتھارٹی (ایم اے ایس ) کے منیجنگ ڈائریکٹر جناب روی مینن کریں گے۔

مالی ٹیکنالوجی اختراع کے لیے ہندوستان سب سے تیزی سے ترقی کرنے والے ماحولیاتی نظام میں سے ایک کے طور پر ابھرا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت، ہندوستان کے بہترین ڈیجیٹل ادائیگی کے بنیادی ڈھانچے کی عالمگیریت کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ وزیر اعظم کا کلیدی زور اس بات کو یقینی بنانے پر رہا ہے کہ یو پی آئی کے فوائد صرف ہندوستان تک ہی محدود نہ رہیں، بلکہ دیگر ممالک بھی اس سے مستفید ہوں۔ ادائیگی کے ان دو نظاموں کا ربط، دونوں ممالک کے باشندوں کو سرحد پار ترسیلات زر کی تیز رفتار اور کفا یت شعار منتقلی کے قابل بنائے گا۔ یہ سنگاپور میں مقیم ہندوستانی تارکین وطن ، خاص طور پر نقل مکانی کرنے والے ورکرز اور طلباء کو سنگاپور سے ہندوستان اور اس کے برعکس، رقم کی فوری اور کفایت شعارمنتقلی کے ذریعے کی مدد کرے گا۔

نئی دہلی

فروری 2023 20

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.